The Absolute Reality

www.quran4u.com

إِنْ هُوَ إِلَّا ذِكْرٌ لِّلْعَالَمِينَ لِمَن شَاءَ مِنكُمْ أَن يَسْتَقِيمَ

یہ تو جہان کے لوگوں کے لئے نصیحت ہے (یعنی) اس کیلئے جو تم میں سے سیدھی چال چلنا چاہے

Quran with Urdu Translation

Fateh Muhammad Jalundhary

(فتح محمد جالندهري)

سورة التكوير

Urdu Translation اردو ترجمه

Click This Bar to Listen Audio

بِسْمِ اللهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيمِ

جب سورج لپیٹ لیا جائے گا	1.
اور جب تارے بے نور ہو جائیں گے	2.
اور جب پہاڑ چلائے جائیں گے	3.
اور جب بیاہنے والی اونٹنیاں بیکار ہو جائیں گی	4.
اور جب وحشی جانور اکٹھے ہو جائیں گے	5.
اور جب دریا آگ ہو جائیں گے	6.
اور جب روحیں (بدنوں) سے ملادی جائیں گی	7.
اور جب اس لڑکی سے جو زندہ دفنا دی گئی ہو	8.

پوچھا جائے گا کہ وہ کس گناہ پر ماری گئی؟	.9
اور جب (عملوں کے) دفتر کھولے جائیں گے	.10
اور جب آسمان کی کھال کھینچ لی جائے گی	.11
اور جب دوزخ (کی آگ) بھڑکائی جائے گی	.12
اور جب بہشت قریب لائی جائے گی	.13
تب ہر شخص معلوم کرلے گا کہ وہ کیا لے کر آیا ہے	.14
ہم کو ان ستاروں کی قسم جو پیچھے ہٹ جاتے ہیں	.15
(اور) جو سیر کرتے اور غائب ہو جاتے ہیں	.16
اور رات کی قسم جب ختم ہونے لگتی ہے	.17
اور صبح کی قسم جب نمودار ہوتی ہے	.18
کہ بیشک یہ (قرآن) فرشتہ عالی مقام کی زبان کا پیغام ہے	.19
جو صاحب قوت مالک عرش کے ہاں اونچے درجے والا سردار	.20
(اور) امانتدار ہے	.21
اور (مکے والو) تمہارے رفیق (یعنی محمدؐ) دیوانے نہیں ہیں	.22
بے شک انہوں نے اس (فرشتے) کو (آسمان کے کھلے کنارے یعنی) مشرقی کنارے پر دیکھا ہے	.23
اور وہ پوشیدہ باتوں (کے ظاہر کرنے) میں بخیل نہیں	.24
اور یہ شیطان مردود کا کلام نہیں	.25
پھر تم کدھر جا رہے ہو؟	.26
یہ تو جہان کے لوگوں کے لئے نصیحت ہے	.27

.28	(یعنی) اس کیلئے جو تم میں سے سیدھی چال چلنا چاہے
.29	اور تم کچھ نہیں چاہ سکتے مگر وہی جو خدائے رب العالمین چاہے

© Copy Rights:
Zahid Javed Rana, Abid Javed Rana
Lahore, Pakistan
www.quran4u.com